# فرسٹ کیپٹل ایکوٹیز لمیٹڈ

## نوٹس سالانہ اجلاس عام

نوٹس ہذا سے مطلع کیا جاتا ہے کہ فرسٹ کیپٹل ایکوٹیز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے حصص داران کا چوبیسواں (24واں) سالانہ اجلاس عام بروز پیر مؤرخہ 28 اکتوبر، 2019ء کو بوقت 10:30 بجے صبح کمپنی کے رجسٹرڈ آفس دوسری منزل، پیس شاپنگ مال، فورٹریس سٹیڈیم، لاہور کینٹ، لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور:**

1. 27 ستمبر 2019ء کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
2. 30 جون 2019ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کی پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کے ہمراہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور اپنانا۔
3. 30 جون 2020ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کا مشاہیرہ طے کرنا۔

بحکم بورڈ

**شہزاد جواہر**
کمپنی سیکریٹری
لاہور 07 اکتوبر 2019ء

**مندرجات:**

1) اراکین کا رجسٹر 21 اکتوبر 2019ء سے 28 اکتوبر 2019ء (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ کمپنی کے رجسٹرار اور شیئرز ٹرانسفر آفس کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن لاہور کو 20 اکتوبر 2019ء کو کاروباری اوقات کار ختم ہونے تک موصول ٹرانسفرز سالانہ اجلاس عام کی غرض سے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2) اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل رکن اجلاس میں اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسیز کو مؤثر کرنے کی غرض سے اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ہر لحاظ سے مکمل پراکسی فارم کمپنی کو اپنے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانا چاہیئے۔

3) جائز ثابت کرنے کے لئے، پراکسی کا انسٹرومنٹ اور مختارنامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہو) جس کے زیر دستخط یہ انسٹرومنٹ ہو، یا اس مختارنامہ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع دوسری اور تیسری منزل، پیس شاپنگ مال، فورٹریس سٹیڈیم، لاہور کینٹ، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرایا جائے۔

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ضوابط، 2018ء کی پیروی میں کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 143 اور 144 کے تحت اراکین کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ کرنے کا اختیار دیا جا سکتا ہے۔

4) a) اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کا اہل CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے شرکت کا آئی ڈی اور اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بمعہ اصلی CNIC یا پاسپورٹ ہمراہ لائے گا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ جس پر nominees کے نمونہ کے دستخط موجود ہوں اجلاس کے انعقاد کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

b) پراکسیز کے تقرر کے لئے، CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک مذکور بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم بمعہ شرکت کا آئی ڈی، اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بشمول CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل جمع کرائے گا۔ دو افراد کی جانب سے ان کے نام، پتا اور CNIC نمبر کے ساتھ پراکسی فارم کی توثیق ہونی چاہیئے۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد کے وقت اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں نمونہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختارنامہ پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو)۔

5) SECP کے مؤرخہ 10 جولائی 2014 کے مراسلہ نمبر 634/(I)/2004 کی پیروی میں 30 جون 2017ء کو اختتام پذیر سال کے لئے پڑتال شدہ سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس بمعہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com اور گروپ کی ویب سائٹ www.dailytimes.com.pk پر رکھ دی گئی ہیں۔

6) SECP کے مؤرخہ 08 ستمبر 2014 مراسلہ نمبر SRO787(I)2014 کی پیروی میں کمپنیوں کو اپنے سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع و نقصان کے کھاتے، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس (سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس) بمعہ سالانہ اجلاس عام کا نوٹس بذریعہ ای میل کمپنی کے اراکین کو ارسال کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اس سہولت کو حاصل کرنے کے خواہشمند اراکین کمپنی کو مطلوب معلومات فراہم کریں گے جس کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com اور گروپ کی ویب سائٹ www.dailytimes.com.pk سے فارم حاصل کیا جا سکتا ہے۔

7) SECP کے مؤرخہ 31 مئی 2016ء کے مراسلہ نمبر 470(I)2016 کی پیروی میں کمپنی نے اپنے سالانہ پڑتال شدہ کھاتوں سے متعلقہ معلومات Soft فارم یعنی CD کی صورت میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو بھیج دی ہیں۔ تاہم، کمپنی شیئر ہولڈرز کو مطالبہ پر سالانہ پڑتال شدہ کھاتوں کی کاغذات کی صورت میں ان کے رجسٹرڈ پتا پر درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر بالکل مفت ارسال کریں گے۔ کمپنی نے اپنی ویب سائٹ پر معیاری درخواست فارم رکھ دیا ہے تاکہ سافٹ فارم کی بجائے کاغذات کی صورت میں حصول کے لئے رابطہ کیا جا سکے۔

8) اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی کی صورت میں فوراً مطلع کریں۔